پریس ریلیز

پی جی ایم آئی کے تین مرحوم ملازمین کے بچوں کو نوکریاں دے دیں گئیں،نوٹیفکیشن جاری

حکومت پنجاب کی انسان دوست پالیسی کا یہ اقدام سنہری حروف سے لکھا جائیگا:پروفیسر الفرید ظفر

نئے ملازمین بھی اپنے فرائض منصبی ایمانداری،لگن اور تندہی کے ساتھ سرانجام دیں:پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج

لاہور 30مارچ:۔۔۔۔۔ پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج ولاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے دوران سروس وفات پانے والے پی جی ایم آئی کے تین ملازمین کے بچوں کو نوکریاں دینے کے تقرر نامے جاری کر دیے ہیں۔

اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر الفرید ظفر نے پی جی ایم آئی اور اے ایم سی کی ٹیم میں شامل ہونے والے نئے ملازمین سے توقع ظاہر کی ہے کہ وہ اپنے مرحوم والد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنے فرائض منصبی ایمانداری،محنت ولگن کے ساتھ سرانجام دیں گے۔پرنسپل پی جی ایم آئی نے صوبائی حکومت کی انسان دوست پالیسی کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت کا یہ اقدام سنہری حروف سے لکھا جائے گا کہ دوران ملازمت وفات پا جانے والے ملازمین کے اہل خانہ کو بے یارومددگار نہیں چھوڑا جاتا بلکہ ایسے ملازمین کے کسی ایک بیٹے یا بیٹی کو قواعد وضوابط کے مطابق نوکری فراہم کی جاتی ہے تا کہ مستقبل میں بھی ان کا ذریعہ معاش چلتا رہے۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ یہ اقدام نیک نامی کا باعث ہے اور تمام سرکاری ملازمین حکومتی پالیسی سے پوری طرح مطمئن ہیں اور انہیں اپنے مستقبل کے تحفظ کی ہر وقت یقین دہانی رہتی ہے جس سے ان میں اعتماد اور پوری تندہی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھانے کا جذبہ رہتا ہے۔اس موقع پر چیئر مین لیپکا چوہدری امتیاز،صدر کاشف گجر،جنرل سیکرٹری خواجہ عثمان کے علاوہ دیگر ملازمین بھی موجود تھے جنہوں نے پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر کے مرحوم ملازمین کے بچوں کو بھرتی کرنے کے بروقت اقدام کو سراہا اور انہوں نے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

☆☆☆☆